# PREFACE OF
# MUFTI MUSTAFA AZIZ

# مفتی مصطفی عزیز

- Islamic Scholar
- Author
- Public Speaker
- Lecturer at Jamia Islamia Imdadia Faisalabad
- Founder of Al-Amin Academy
- Founder Seeraht Institute
- Guest Speaker in Dunya news

## تعلیم:

| | |
|---|---|
| حفظ القرآن: | دارالعلوم فیصل آباد |
| تجوید القرآن: | دارالعلوم فیصل آباد |
| عالم کورس: درس نظامی: | جامعہ الحسنین فیصل آباد |
| تخصص فی الفقہ (مفتی کورس): | جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد |
| | |

## FOUNDER SEERAHT INSTITUTE

SEERAHT

SEERAHT

www.SEERAHT.com

UAN 923 111 772 111





## مہمان

دنیا نیوز پروگرام پیام صبح

## اعزازات:

آل پاکستان تقریری مقابلہ پوزیشن ہولڈر 2015

## تبلیغ واسفار

اندرون بیرون، ملائشیاء، تھائی لینڈ، بحرین، امارات، سوڈان، قطروغیرہ



# تصانیف:


### ختم نبوت کورس

اس کورس میں ختم نبوت کی اہمیت، ظہور مھدی علیہ السلام، حیات ونزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام، قادیانی کافریوں، قادیانیت قانون اور آئین کی نظر میں، تحریک ختم نبوت 1953ء اور 1974ء کے ایمان افروز واقعات، قادیانی شبہات اور ان کے علمی تحقیقی جوابات۔ جیسے موضوعات کو اسباق اور تعلیمی مشقوں کے ساتھ آسان اور عام فہم ترتیب دیا گیا ہے جو کہ ہر عام وخاص کے لئے اس موضوع پر کافی شافی مواد کا حسین مجموعہ ہے۔




### سیرت کورس

سیرۃ النبی ﷺ اسباق کی صورت میں ابتداء سے انتہا تک اہل بیت کے معطر تذکرے کے ساتھ باحوالہ اور مستند ترتیب دیا گیا ہے۔ تیس اسباق پر مشتمل جدید انداز میں آسان تعلیمی مشقوں کے ساتھ عصری تعلیم یافتہ اور مصروف احباب کے لئے عشق رسول ﷺ کی بیداری کی بہترین کاوش ہے۔ پاکستان میں "الامین اکیڈمی" فیصل آباد کو اس کی طباعت کا اعزاز ملا ہے۔ ہر ادارے میں سیرت آگاہی کے لئے یہ کورس نہایت موزوں ہے۔



### بچوں کی نماز

بچوں کی تعلیم و تربیت اور تعمیرِ شخصیت کے حوالے سے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے عمل سے بنی نوع انسان کو پندرہ سو سال قبل تعلیمات عطا فرما دی تھیں۔ بچوں کی نماز کتاب اسی سنہری سلسلے کی ایک مظبوط کڑی ہے۔ یہ کتاب بالخصوص بچوں اور بالعموم بڑوں کے لیے ایک خوبصورت تحفہ ہے۔ اس کتاب کے ذریعے آپ اپنے بچوں کو باآسانی مکمل نماز سکھا سکتے ہیں۔ یہ کتاب کافی اداروں میں داخل نصاب بھی ہے۔



### مسنون دعائیں

آپ ﷺ نے امت کو ہر موقع کی دعا ہی نہیں سکھائی بلکہ دعا میں بھی تربیت فرمائی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ پل پل جوڑا ہے۔ اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ہر موقعہ کی دعا موجود ہے اور عربی کے ساتھ ساتھ اردو اور انگلش ترجمہ بھی لکھ دیا گیا ہے اور ہر دعا کے ساتھ تصویر بھی لگائی گئی ہے۔ یقیناً یہ کتاب آپ اور آپ کے بچوں کے لیے نہایت ہی مفید ثابت ہو گی۔ یہ کتاب کافی اداروں میں داخل نصاب بھی ہے۔



### درودوسلام

درود شریف حضور ﷺ سے دوام محبت اور اس میں خوب ترقی کا سبب ہے اور یہ چیز ایمان کی کڑیوں میں سے ایسی کڑی ہے کہ جس کے بغیر ایمان پورا نہیں ہوتا۔ اسی موضوع پر مستند اور باحوالہ، علما کرام کی پسندیدہ، دس سلسلوں پر مشتمل منفرد کتاب ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے آپ میں مغفرتیں، رحمتیں، برکتیں، فضیلتیں اور محبتیں سمیٹنے کی کیفیات پیدا ہوں گی۔ زیارت نبوی ﷺ کے وظائف اور آداب مدینہ منورہ و روضہ رسول ﷺ کا بہترین خزینہ ہے۔




### المعلقات فی ضوء البینات

قرآن مجید سے پہلے کی عربیت، فصاحت، بلاغت، تعبیر اور اسلوب کو چکھ کر، دیکھ کر اور پرکھ کر قرآن عزیز کو سمجھا جائے اور قرآن کے اعجاز اور اسلوب سے واقفیت حاصل کی جاسکے۔ اسی بنیاد پر اس کتاب کو مرتب کیا گیا ہے۔ اس شرح میں اشعار پھر ان کا سلیس ترجمہ اور مشکل مفردات کا معنیٰ اور پھر اشعار کے مشاہد اور الامثلۃ بالقرآن دی گئی ہیں اور آخر میں موضوعاتی تشریح اس کتاب کی جداگانہ اور منفرد خصوصیت ہے۔




### پیغام ایمان کورس

رسول ﷺ نے فرمایا کہ جب تم قرآن کریم میں یَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُو سنو تو کان لگا دو اور دل سے متوجہ ہو جایا کرو۔ کیونکہ یا تو کسی بھلائی کا حکم ہو گا یا کسی برائی سے ممانعت ہو گی۔ (تفسیر ابن کثیر) ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ کم از کم اس کے نام سے جو پیغام آیا ہے اس کو تو لازمی سمجھ کر قبول کر لے۔ یہ کتاب قرآن عزیز میں 89 بار پیغام مسلمان کا مجموعہ ہے۔ آیات کے ساتھ سلیس ترجمہ، شان نزول اور آسان تفسیر اسباق کی صورت میں ترتیب دیا گیا ہے۔



### سنت کورس

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں مختلف انداز میں سنتِ نبوی کی اتباع کا حکم دیا ہے، کبھی وعدہ کر کے تو کبھی وعید سنا کر ہر حال میں محبوب ﷺ کی اتباع کرنی ہے۔ اس کتاب کو روزمرہ کے معمولات، عبادات، معاملات، معاشرت اور سیاست، علمیات، تبلیغیات، سلوکیات و متفرقات سے متعلق تقریباً 2000 سنتوں اور آداب پر مشتمل جدید انداز میں تعلیمی مشقوں کے ساتھ باحوالہ مستند ترتیب دیا گیا ہے جو کہ ایک مسلمان کی زندگی کا سب سے بڑا سرمایہ بن سکتا ہے۔



# تصانیف:


### قرآنی گرائمر کورس

قرآن عزیز کو سمجھنا اللہ تعالیٰ نے آسان تر بنایا ہے۔اور اللہ کے فضل و کرم سے اس کتاب کے ذریعے قرآن کریم نہایت آسان اور سہل انداز میں سمجھانے ،قرآن کریم سے مناسبت پیدا کرنے کی بہترین سعی کی گئی ہے۔اور یہ کتاب تعلیمی مشقوں کے ساتھ اسباق کی صورت میں ترتیب دی گئی ہے۔قرآن کو آسانی سے سمجھنے کے لئے اس کورس کا تعلیمی نصاب میں شامل ہونا بہت مفید ہے۔ یہ کورس تعلیمی اداروں میں داخل نِصاب ہے۔



### حدیث کورس

خدمتِ حدیث بلاشبہ عظیم شرف وسعادت ہے او راس عظیم شرف اور سعادت کبریٰ کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ اپنی مخلوق میں عظیم لوگوں کا انتخاب فرمایا احادیث رسول ﷺ کو محفوظ کرنے کے لیے کئی پہلوؤں اور اعتبارات سے اہل علم نے خدمات انجام دیں۔موجودہ دور کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کورس ترتیب دیا گیا ہے، اسباق کی ترتیب سے تعلیمی مشقوں کے ساتھ حدیث کے تمام پہلوں کو عوامی سطح کے مطابق جمع کیا گیا ہے جو کہ تعارف حدیث کا بہترین گلدستہ ہے۔



### اسلامک نرسری کورس

بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو فطرت اسلام پر ہی پیدا ہوتا ہے۔موجودہ دور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔سرا سر مغربیت کا دور ہے یہی مغربیت آہستہ آہستہ ہماری نسل میں پروان چڑھ رہی ہے۔مسلم قوم اپنی نسل کی تربیت کے لیے بہت سے خدشات کا شکار ہے۔جب کہ اسلام نے مکمل نظام تربیت فراہم کر دیا. یہ کورس اس بنیاد پر ترتیب دیا گیا جو کہ سال بھر میں ہفتہ وار سبق سے آسانی سے پڑھایا جاسکتا ہے



### تجارت کورس

مسلمان کی تجارت جنت کا راستہ ہے۔اس کتاب میں،حلال وحرام، جائز و ناجائز صورتیں،شراکت داری، مضاربت، مارکیٹنگ، پراپرٹی کے جدید مسائل،خرید و فروخت کی جدید شکلیں، نصاب زکوٰۃ، کامیاب تجارت کی چابیاں، کامیاب تاجروں کے سچے واقعات اور مسلمان تاجر کی صفات کو قرآن و حدیث کی روشنی میں نہایت آسان انداز میں اور اسباق کی صورت میں ترتیب دیا گیا ہے۔جس سے ایک مسلمان تاجر انبیاء علیہم السلام اور صدیقین کی معیت حاصل کر سکتا ہے۔



### عربی کورس

عربی قرآن وحدیث کی زبان ہے،خالق کائنات کی معرفت اور دین فطرت کی ترجمان ہے اسلامی تہذیب وثقافت کا امین ہے اسلام اور مسلمانوں کی بین الاقوامی زبان ہے،عربی زبان جاننے سے قرآن عزیز کے ترجمے کے ساتھ ساتھ مزاج قرآن بھی سمجھ میں آتا ہے ۔ عربی کورس اسی موضوع پر مشتمل ہے کہ جس میں روزمرہ کی عربی بول چال،نئے کلمات (وکیبلری) الفاظ قرآن کی تعداد بڑے احسن اور عام فہم انداز میں بیان کیے گیے ہیں۔



- قرآن وسنت ڈپلومہ
- تجوید کورس
- حج وعمرہ کورس
- تدریب المعلمین
- تربیت اولاد کورس
- تجہیز وتکفین کورس
- میراث کورس
- دورہ ترجمہ تفسیر
- زکوٰۃ کورس
- دُعا وصلاۃ کورس

## تجربات

| | |
|---|---|
| تدریس تخصص فی علوم ختم نبوۃ۔ | 2سال |
| تدریس جامعہ اسلامیہ امدادیہ | 5سال |
| خطابت ھاجرہ مسجد نعمت کالونی فیصل آباد | 8سال |
| امامت الامین مسجد | 3سال |

## تدریس وترتیب

| | |
|---|---|
| اسلامک شارٹ کورسز | 5سال |

## زیرنگرانی وسرپرستی

| | |
|---|---|
| شعبہ علماء ومفتیان (برائے مساجد واسلامک ٹریڈنگ) | 10سال |

## خدمات سوشل میڈیا

مکمل تفسیر القرآن وڈیو رکارڈ